SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

October 4, 2018

***For immediate release***

## ایس ای سی پی کا اینٹی منی لانڈر نگ، کاونٹر ٹیرارزم فنانسنگ پر آگہی سیمینار

اسلام آباد (اکتوبر 3 ) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے کیپیٹل مارکیٹ، بیمہ، نان بینکنگ فنانشل سیکٹر اور مضاربہ کے شعبے میں اینٹی منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کی روک تھام کے قوانین اور پالیسوں بارے آگہی فراہم کرنے کے لئے کراچی میں دو روزہ سیمینار منعقد کیا۔
ایس ای سی پی نے حال ہی میں اینٹی منی لانڈرنگ اینڈ کاونٹر فنانسنگ آف ٹیرارزم ریگولیشنز جاری کئے ہیں جبکہ اس حوالے سے قومی پالیسی اور اقدامات پر عمل درآمد کے لئے رہنمائی فراہم کرنے کے لئے گائیڈ لائنز بھی جاری کی گئیں۔اس سیمینار کا مقصد ان اداروں میں اینٹی منی لانڈرنگ کے حوالے سے ان کی ذمہ داریوں کے حوالے سے آگہی اور اس حوالے سے موجود فریم ورک پر عمل درآمد اور مشکوک ٹرانزیکشن کی رپورٹنگ کے طریقہ کار بارے سمجھ بوجھ فراہم کرنا تھا۔
اس موقع پر ایس ای سی پی کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر خالدہ حبیب نے شرکاء کو اے ایم ایل/سی ایف ٹی نظام کے تحت مالیاتی اداروں کی ذمہ داریوں کے بارے میں آگاہ کیا۔ انہوں نے منضبط افراد کے لئے کئے گئے انضباطی اقدامات پر بھی روشنی ڈالی جن پر عمل کرتے ہوئے ایسے افراد اور ادارے منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی معاونت کرنے والے افراد کے غیر قانونی ہتھکنڈوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تمام اداروں کو اپنے صارفین کے حوالے سے رسک کے جائزہ، اندرونی پالیسیوں، کنٹرول، صارفین کی جانچ کے طریقہ کار اور ریکارڈ کو محفوظ بنانے پر خاص توجہ دینی چاہیے۔
شرکاء کے ساتھ نیشنل رسک ایسسمنٹ اور ایف اے ٹی ایف مانٹرنگ یونٹ کی رائے اور سفارشات سے بھی آگاہ کیا گیا۔ شرکاء کو ہر مختلف شعبہ کے لحاظ سے غیر معمولی ٹرانزکشن، ریڈ فلیگ کے اعشاریہ کے بارے اور ان کی جانچ بارے آگاہی کیا گیا۔
سیمینار میں پاکستان سٹاک ایکسچینج، سینٹرل ڈپازٹری کمپنی، نیشنل کلیئرنگ کمپنی پاکستان لمیٹڈ، پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج، میوچل فنڈز ایسوسی ایشن آف پاکستان، این بی ایف آئی و مضاربہ ایسوسی ایشن آف پاکستان اور پاکستان بیمہ ایسوسی ایشن سمیت منضبط شعبے اور از خود منضبطہ اداروں اور انجمنوں سے بڑی تعداد میں افراد نے شرکت کی۔ سیمینار میں رِسک بیسڈ اپروچ کے نفاذ سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایس ای سی پی نے شرکاء سے درخواست کی کہ وہ اے ایم ایل/سی ایف ٹی فریم ورک کے بارے میں اپنی آراء سے بھی کمیشن کو آگاہ کریں۔
یہ سیشن اینٹی منی لانڈرنگ/ ٹیرر فنانسنگ رسک اور اس کے تحت لگائی گئی پابندیوں کے بارے میں آگہی بڑھانے کے لئے آگہی/تربیتی سیشن کی ایک کڑی تھا۔اینٹی منی لانڈرنگ/دہشت گردی کی روک تھام سے متعلقہ انضباطی شعبے کی صلاحیتوں اضافے کے لئے اکتوبر اور نومبر میں آگہی اور تربیتی سیشنز کا انعقاد کیا جائے گا۔